
www.lasanipharma.com

# فہرست ادویات

## امراض نسواں وبچگان اور لاثانی کی ادویات

نام بھی لاثانی

معیار بھی لاثانی



## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

# تعارف

طبِّ یونانی ایک مسلمہ اور سائنسی طریقہ علاج ہے اور اسے نا صرف پاکستان بلکہ برصغیر کا مقبول ترین طریقہ علاج ہونے کا شرف حاصل ہے۔ عالمی ادارہ صحت **(WHO)** کے سروے کے مطابق ملک کی **70** فی صد سے زائد آبادی اسی طریقہ علاج سے استفادہ کرتی ہے۔

دنیا بھر میں طبِّ یونانی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر حاملین طبِّ پر مزید کڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اس کی ترقی اور فروغ کے لیے جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ادویات کی تیاری میں عالمی معیار اختیار کیا جائے۔

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹیڈ کا قیام عرصہ **17** سال قبل اسی سوچ اور جذبہ کے تحت عمل میں لایا گیا کہ پاکستانی عوام کو سستی اور بین الاقوامی معیار کی ادویات جدید دیدہ زیب پیکنگ میں مہیا کی جائیں جس سے فن طبّ اور ملک کا نام روشن ہو۔

اللہ کے فضل وکرم سے ہم گذشتہ ڈیڑھ دہائی سے معیار کو ترجیح دیتے ہوئے اس اصول پر سختی سے کاربند ہیں۔ اللہ کا فضل وکرم ماہرین فن طبّ کا اعتماد اور عوام الناس میں بڑھتی ہوئی مقبولیت ہمارے اس دعوے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

لاثانی فارما میں تمام ادویات عرقیات ومشروبات کی تیاری میں حفظان صحت کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے جدید سائنسی طرزفکر اختیار کیا گیا ہے۔ اس سے لامحالہ بین الاقوامی معیار کی مصنوعات کی تیاری ممکن ہوتی ہے۔

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹیڈ میں اس وقت تقریباً **250** کے قریب ادویات، مشروبات، عرقیات، کشتہ جات تیار کی جارہی ہیں اور ان کی تیاری کے لیے درج ذیل شعبہ جات ہمہ وقت مصروف کار ہیں۔

## شعبہ عرقیات:۔

لاثانی فارما کا شعبہ عرقیات جدید ترین پلانٹ سے مدّین ہے جس میں مارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق تمام عرقیات جدید ترین سائنسی اصولوں کے مطابق کشید کیے جاتے ہیں۔ اور عرق کشید کرتے ہوئے اس بات پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے کہ عرق نکلتے ہوئے دوا کے اجزائے موثرہ ضائع نہ ہوں اور کسی بھی دوا کا عرق قدرتی فوائد سے بھرپور ہو۔ یہی وجہ ہے کہ لاثانی کے عرق اس وقت مارکیٹ میں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ اور معالجین وصارفین لاثانی کے عرقیات کے استعمال کو ترجیح دیتے ہیں۔

## شعبہ مشروبات:۔

ہر قسم کے ادویاتی مشروبات کے لیے لاثانی کا شعبہ مشروبات بھی جدید سائنسی آلات سے آراستہ ہے۔ اور مشروبات کی جدید خطوط پر تیاری کے ساتھ ساتھ انہیں بوتلوں میں بھرنے کے لیے جدید آٹو میٹک پلانٹ بھی نصب کیے گئے ہیں۔اور ہر لمحہ پر حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔

## ٹیبلٹنگ اور سٹرپ پیکنگ:۔

دور جدید کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے لاثانی فارما میں گولیاں بنانے کے لیے جدید ترین مشینری نصب کی گئی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ شوگر کوٹنگ اور سٹرپ پیکنگ کے لیے بھی آلات نصب کیے گئے ہیں۔

## بذریعہ خط و کتابت اور ای میل علاج معالجہ کی سہولت:۔

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹیڈ کی مصنوعات کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر اس کی مختلف ادویات کے متعلق معلومات حاصل کرنے اور بیماریوں کی تشخیص کے لئے انتظامیہ نے لاثانی فارما کا شعبہ تشخیص وتجویز قائم کیا ہے۔جس میں بذریعہ خط کسی بیماری اور دوا کے متعلق پوچھے گئے سوالات کا بھی جواب دیتے ہیں۔

بذریعہ خط نسخہ تجویز کرانے یا کسی بھی دوا کے بارے میں تفصیل جاننے کیلئے کمپنی کے ایڈریس پر رابطہ کریں۔

## نوٹ:

مریضوں کے حالات صیغہ راز میں رکھے جاتے ہیں۔تاہم ادویات منگوانے کے لیے ادویات کی قیمت اور ڈاک خرچ پیشگی ارسال کرنا ہوتا ہے۔جس کی تفصیل تحریر کردی جاتی ہے۔

☆جو حضرات انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں وہ علاج معالجہ اور مشورہ کیلئے ہماری ویب سائیٹ **www.lasanipharma.com** پر موجود سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ویب سائیٹ پر ہمارے ماہرین انکو بذریعہ ای میل مشورہ اور نسخہ تجویز کرتے ہیں۔

☆ تمام صارفین اور ماہرین فن سے گزارش ہے کہ فلاح انسانیت کے لیے اگر آپ کے ذہن میں کوئی تجویز یا بہتری کے لیے کوئی بھی بات ہوتو ضرور لکھ بھیجیں۔ادارہ آپکا مشکور ہوگا۔

دعاؤں کا طالب

**لاثانی فارما پرائیویٹ لمٹیڈ**

نام بھی لاثانی معیار بھی لاثانی




# عرق مہزل

## وزن گھٹائیں
## صحت پائیں

**REDUCE WEIGHT GAIN HEALTH**

ہر قسم کے موٹاپے کی وجوہات کو کم
کرنے کیلئے مؤثر دوا




لاثانی کا
# توت سیاہ
# +
# ملٹھی سیرپ

## ٹانسلز کے آپریشن

سے پہلے ضرور آزمائیں۔
صرف توت سیاہ نہیں بلکہ
لاثانی کا توت سیاہ + ملٹھی پر اصرار کریں

# امراض نسواں اور لاثانی کی ادویات

صحت ایک بڑی نعمت ہے اس کی حفاظت صحت کے اصولوں پر ہی کرنی چاہیے۔ کسی بھی بیماری کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہ کریں اور نہ ہی اپنا علاج خود شروع کر دیں بلکہ اپنے معالج سے رجوع کیا جائے اور اچھی صحت کیلئے اچھے ادارے کی ادویات استعمال کریں۔ صحت کے حصول و بقاء کیلئے طب یونانی کے عظیم اداروں کی طرف سے انفرادی و اجتماعی، منظم اور نہایت سائنسی بنیادوں پر کام کیے جاتے ہیں اس معاملے میں لاثانی فارما نے کبھی سستی یا چشم پوشی سے کام نہیں لیا اسی لیے معالجین اکرام اور عام قارئین کے یکساں استفادہ کیلئے اس کتابچے میں خواتین اور بچوں کے امراض میں استعمال ہونے والی لاثانی فارما کی لاثانی ادویات کی فہرست پیشِ خدمت ہے تاکہ فلاح عام ہو۔

## امراض نسواں:

سیلان الرحم (لیکوریا، سفید پانی آنا)، کمر درد، کثرت حیض، قلت حیض، بندش حیض، درد حیض، خون کی کمی، سوزش رحم، سوزش اندام نہانی، رحم کا ٹل جانا (اللنا)

## لاثانی کی ادویات :

اکسیر خاتون سیرپ، حب لیکوریا، حب مدر، سفوف سپاری پاک، سفوف بتول، سفوف حابس، شربت فولاد، شربت فولاد پلس، شربت ابریشم، شربت انجبار، عرق دسمول کشتہ عقیق، کشتہ بیضہ مرغ، گائی نول ایف سیرپ، لاثانی کا عرق مہزل، معجون سپاری پاک، معجون د بید الورد،

## اکسیر خاتون (نسوانی عوارض کیلئے بہترین دوا)

نسوانی بیماریوں مثلاً ماہواری کی بے قاعدگی ماہواری کی کمی یا زیادتی کے ساتھ آنا، نلوں کا درد (پیٹرو کا درد)، سیلان الرحم (لیکوریا) اور ورم رحم کے لئے لاثانی فارما کی مایہ ناز دواؤں میں شمار ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام دو چمچ چائے والے دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔

**ھدایات:** حمل اور ماہواری کے دنوں میں اکسیر خاتون استعمال نہ کریں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام دس۔ دس گرام (ایک چمچ چائے والا) ہمراہ پانی یا دودھ استعمال کریں۔

## حب لیکوریا

فی زمانہ خواتین میں سیلان الرحم (لیکوریا) کی شکایت بہت عام ہے۔ اکثر خواتین اس مرض میں مبتلا ہیں۔ حب لیکوریا سیلان الرحم یعنی رحم سے پانی کی طرح سفید رطوبت کے اخراج کو روکتی ہے۔ مقوی رحم ہے۔ اسقاط (بچے ضائع ہونے) کی شکایت ان گولیوں کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## سپاری پاک

عورتوں کے مرض سیلان الرحم (لیکوریا) اور کمر درد کی بہترین دوا ہے۔ جو امراض نسواں میں بڑی کامیابی سے استعمال کی جاتی ہے۔ امراض رحم میں مفید ہے۔ رحم کو مضبوط بناتی ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ یہ خوش ذائقہ دانے دار سفوف کی شکل میں تیار کی جاتی ہے۔ جسے مرد حضرات جریان کے لئے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے استعمال سے کمر درد سے بھی نجات ملتی ہے۔

**ترکیب استعمال :** صبح، شام دو چمچ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## حب مدر (ماہواری)

رحم کی شدید تکلیف کو دور کرتی ہے۔ اکثر خواتین کو رحم کی کمزوری یا نصیبۃ الرحم کے فعل کی خرابی کی وجہ سے ایام کے زمانے میں شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جسم کا جوڑ جوڑ درد کرتا ہے۔ پیٹ میں شدید کرب اور بے چینی ہوتی ہے۔ ماہواری رُک رُک کر اور تکلیف کے ساتھ یا بہت کم

ہوتی ہے۔غرض کہ ایسی شدید تکلیف جو برداشت سے باہر ہوتی ہے۔ایسی خواتین کے لئے حب مدر بے حد مفید دوا ہے۔ یہ گولیاں رحم کو طاقت دیتی ہیں۔اس کے استعمال سے حیض کا خون جاری ہوجاتا ہے۔اورعورتوں کو ماہواری کی اس تکلیف سے نجات مل جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح،شام دوگولی نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## سفوف بتول (عورتوں کے تمام مسائل کے لیے بہترین ٹانک)

خواتین اپنی فطری شرم وحیاء کی وجہ سے اپنے مخصوص عوارض کا اپنے معالج کو نہیں بتاتی ہیں۔جس کی وجہ سے یہ امراض پُرانے ہوکر مزید پیچیدگیاں پیدا کرتے ہیں اوران کی آنے والی آئندہ زندگی میں تکلیف کا باعث بنتے ہیں۔

ہمارے شعبہ ریسرچ نے خواتین کے تمام امراض کو سامنے رکھتے ہوئے ایک ایسا لاثانی اور منفرد سفوف تیار کیا ہے۔جس کے باقاعدہ استعمال سے خواتین کے جسم کے اندر ہونے والی بے قاعدگیوں اوران سے پیدا شدہ امراض خاص کر سیلان الرحم (لیکوریا) اور رحم کے امراض خصوصاً ماہواری کی تکلیف کو موثر طریقے سے دور کرتا ہے۔لیکوریا کی وجہ سے ہونے والی اعضاء شکنی، کمر درد، پنڈلیوں میں درد، سستی، کاہلی اور کیلشیم کی کمی کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک چمچ چائے والا ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## سفوف حابس

خون کو بند کرتا ہے۔اندرونی یا بیرونی کسی بھی حصے سے خون جاری ہوجائے تو سفوف حابس کے استعمال سے رُک جاتا ہے۔کثرتِ حیض، نکسیر، خونی بواسیر اور سل کی شکایت میں خاص طور پر مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام ایک چمچ چائے والا ہمراہ پانی کے استعمال کریں۔

## شربت فولاد پلس (شوگر فری بھی دستیاب ہے)

(زعفران کی اضافی خوبیوں کے ساتھ)

خون جسم انسانی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔اس کے بغیر بدن کا کوئی عضو اپنا کام جاری نہیں رکھ سکتا۔ یہ تمام بدن کو غذا اور توانائی پہنچاتا ہے۔ بدن کے ہر حصے کو گرم اور تر رکھتا ہے۔اورجسم میں پانی کا توازن برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ خون کئی اجزاء پلازما **(Plasma)** ،سرخ خلیات، سفید خلیات، اورانجمادی خلیات **(Thrombocytes)** وغیرہ سے مرکب ہے۔ بدن انسانی میں جب خون کے اجزاء میں کمی ہوجاتی ہے یا پورے جسم کو خون کی مناسب سپلائی نہیں ہو پاتی۔اورخون اپنا کام صحیح طور پر انجام نہیں دے سکتا۔تو ایسی حالت کو خون کی کمی یا انیمیا **(Anaemia)** کہتے ہیں۔ جسم میں خون کی کمی کے باعث چہرہ کی رنگت زرد اورتمام جسم میں کمزوری لاحق ہوجاتی ہے۔ہاتھ پاؤں ٹھنڈے محسوس ہوتے ہیں۔زیادہ کمزوری کی صورت میں ہاتھ پاؤں کانپنے لگتے ہیں۔ نبض تیز ہوجاتی ہے۔تھکاوٹ، نظام ہضم کی خرابی، اعصابی کمزوری جیسی علامات پیدا ہوجاتی ہیں۔لاثانی فارما کے ماہرین نے خون کی کمی کے اسباب اوراس سے پیدا ہونے والے عوارضات وعلامات کا جائزہ لینے کے بعد قدرتی جڑی بوٹیوں اورقدرتی اجزاء سے شربت فولاد پلس کا نسخہ ترتیب دیا ہے۔جو جدید وقدیم تحقیقات کا نچوڑ ہے۔ جدید تحقیقات کی رو سے جسم میں فولاد کے انجذاب کے لیے وٹامن سی **(Vitamin C)** انتہائی ضروری ہے۔اس مقصد کے لیے شربت فولاد پلس کے اجزائے نسخہ میں آملہ، ہلیلہ اور بلیلہ کو شامل کیا گیا جو قدرتی وٹامن سی کا خزانہ ہیں، قدرتی فولاد کے حصول کے لیے جامن شامل کیا گیا ہے۔ جدید وقدیم تحقیقات اس بات پر متفق ہیں کہ خون کی تکمیل جگر میں ہوتی ہے۔جگر کی اصلاح کے لیے شربت فولاد پلس میں زعفران اور تیزپات شامل کیے گئے ہیں۔وٹامن **B** اعصابی کمزوری اورتھکاوٹ کے لیے انتہائی مفید ہے۔اس وٹامن کے حصول کے لیے شربت فولاد پلس میں گاؤزبان شامل کیا گیا ہے۔جو وٹامن **B** کا قدرتی ذریعہ ہے۔ان کے علاوہ شربت فولاد پلس کے اجزائے نسخہ میں اعصاب اور پٹھوں کی طاقت کے لیے کچلہ اور عقرقرحا بھی شامل کیے گئے ہیں۔اس طرح شربت فولاد پلس کا نسخہ انتہائی متوازن اور جامع ہے۔جو ہر عمر کے مرد وخواتین ہر موسم میں بلا جھجک استعمال کر سکتے ہیں۔

## شربت فولاد پلس کے مجموعی افعال وخواص:

☆ خون کے سرخ ذرات کی پیدائش میں اضافہ کر کے چہرے کی پیلاہٹ دور کرتا ہے۔ ☆ ہر قسم کی جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ ☆ جگر اور معدہ کی اصلاح کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔ ☆ اعصاب کو تقویت دیتا ہے ☆ لو بلڈ پریشر (Low Blood Pressure) کو معمول پر لاتا ہے۔ ☆ خواتین کے لیے دوران حمل اور دودھ پلانے کے زمانے میں بہترین ٹانک ہے۔ ☆ بچوں کی نشونما کو بڑھاتا ہے۔ طلباء کی ذہنی اور جسمانی کارکردگی میں اضافہ کرتا ہے۔

**نوٹ**: اس کے مسلسل استعمال سے جسم میں فولاد کی زیادتی نہیں ہوتی کیونکہ شربت فولاد پلس اعضاء کی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے۔ اس لیے زائد فولاد غذائی استحالہ کے نتیجہ میں جسم میں جمع نہیں ہوتا۔

بلند فشار خون (High Blood Pressure) کے مریض معالج کے مشورہ سے استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال**: بچوں کے لیے: صبح وشام کھانا کھانے کے بعد ایک چمچ (کھانے والا)

بڑوں کے لیے: صبح وشام کھانا کھانے کے بعد دو چمچ (کھانے والا)

# شربت ابریشم

قدرتی وٹامن کا خزانہ ہے۔ دل کی گھبراہٹ اور بے چینی کو دور کرتا ہے۔ مقوی دل ہے۔ اختلاج قلب اور بلند فشار خون میں نافع ہے۔

**ترکیب استعمال**: 2 بڑے چمچے ایک گلاس پانی میں ملا کر دن میں دو دفعہ یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

# شربت انجبار

☆ حابس ہے۔ ☆ بواسیر میں مفید ہے۔ ☆ گرمی کے پیچش میں افاقہ کرتا ہے۔ ☆ جریان خون کو دور کرتا ہے۔ ☆ مقوی جگر ہے۔

**ترکیب استعمال**: 2 بڑے چمچے ایک گلاس پانی میں ملا کر دن میں دو دفعہ یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

# عرق دسمول

☆ زچہ کی صحت کا ضامن ہے۔ ☆ زچگی (ولادت) کے بعد نفاس کے عمل کو سہل اور مکمل بناتا ہے۔ ☆ زچگی (ولادت) کے بعد کے بخار (پرسوت) سے حفاظت کرتا ہے۔ ☆ زچگی (ولادت) کے بعد رحم میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں سے بچاتا ہے۔ ☆ اور رحم کو اپنی اصل جگہ پر لاتا ہے۔ ☆ زچہ کے ہارمونز کو اعتدال پر لاتا ہے۔ جسم کو بدشکل ہونے سے بچاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: 1/4 تا 1/2 کپ دن میں تین مرتبہ یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

**کشتہ عقیق**: جریان خون کو روکتا ہے۔ مقوی دل ہے۔ اختلاج قلب میں نافع ہے اورام کے اندمال میں معاون ہے۔

**کشتہ بیضہ مرغ**: ذیابیطس میں مفید ہے۔ کیلشیم کی کمی کو دور کرتا ہے۔ نزلہ زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔

**کشتہ جست**: جریان رقت اور سرعت کو دور کرتا ہے۔ حابس ہے۔ سیلان الرحم میں مفید ہے۔ الرجی کی علامات میں مفید ہے۔

**کشتہ صدف سچہ**: کیلشیم کی کمی کو دور کرتا ہے۔ سیلان اور جریان میں نافع ہے۔

# گائی نول۔ایف

خواتین کے مختلف مسائل مثلاً ماہواری کی بے قاعدگی، ماہواری کا درد کے ساتھ اور رُک رُک کر آنا، سیلان الرحم (لیکوریا) یعنی رحم سے سفید رنگ کی رطوبت کا آنا، رحم کے ورم کیلئے لاثانی فارما کا گائی نول۔ایف سیرپ لاجواب خصوصیات کا حامل ہے۔ اس کے استعمال سے مذکورہ بالا تمام مسائل سے یقینی نجات مل جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ رحم کو طاقت دے کر حمل کے قابل بناتی ہے۔ یہ خواتین کیلئے ایک عمدہ ٹانک ہے۔

**ترکیب استعمال**: صبح وشام 1 تا 2 چمچ چائے والے حسب عمر کھانے کے بعد استعمال کریں۔

**نوٹ**: دوران حیض اس کا استعمال نہ کریں۔

# عرق مہزل

موٹاپے کو ہم ایک عرصہ تک صحت مندی سمجھتے رہے ہیں۔لیکن جدید تحقیق نے یہ ثابت کیا ہے کہ صحت اور موٹاپا دو الگ چیزیں ہیں۔ موٹاپا نہ صرف بیماری ہے بلکہ بہت سی دیگر بیماریوں کی جڑ ہے۔ اطباء نے موٹاپے کو کئی اقسام میں تقسیم کیا ہے۔لیکن اس کی بنیادی وجہ جسم میں خوراک کا صحیح ہضم نہ ہونا، اور خوراک سے غیر ضروری اجزاء کا جسم میں رہ جانا ہے۔

لاثانی کا **عرق مہزل** ہر قسم کے موٹاپے کے لیے مفید ہے۔اس کو لاثانی فارما کی ریسرچ لیبارٹری کے تجربہ کار سٹاف نے جدید ریسرچ، تحقیق اور کامیاب کلینیکل ٹرائل کے بعد پورے اعتماد سے مارکیٹ میں پیش کیا ہے۔ مارکیٹ میں موجود دوسری ادویات سے ممتاز لاثانی کا **عرق مہزل** ہر قسم کے مابعد اثرات سے پاک ہے۔اسکے اجزاء صدیوں سے مستعمل ہیں۔لیکن ان کو بہترین طریقہ اور تناسب سے موٹاپے کے علاج کے لیے پیش کرنے کا سہرا لاثانی کی ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ٹیم کے سر پر ہے۔

**عرق مہزل** کے استعمال سے موٹاپا ختم ہوتا ہے۔اور بہترین صحت حاصل ہوتی ہے۔ مریض کسی قسم کی کمزوری محسوس نہیں کرتا۔اور نہ کوئی ہارمونل تبدیلی ہوتی ہے۔**عرق مہزل** نہ کوئی جلاب آور ہے۔اور نہ بھوک ختم کرتا ہے۔ بلکہ طبعی طریقے سے جسم کی ساخت میں غیر ضروری تبدیلی (موٹاپا) کو ختم کرتا ہے۔موٹاپے کی وجہ سے جسم پر مرتب بد اثرات بھی **عرق مہزل** کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ **عرق مہزل** ہر عمر کے مریض استعمال کر سکتے ہیں۔اس کے عمدہ نتائج پہلے ہفتے سے ہی ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔مطلوبہ وزن کم کرنے کے بعد بھی اس کا استعمال وزن کو دوبارہ بڑھنے سے روکتا ہے۔اور آپ کو چاک و چوبند رکھتا ہے۔**عرق مہزل** کے استعمال کے ساتھ چکنائی سے پرہیز اور ورزش اس کے اثرات کو دو چند کر دیتے ہیں۔جسمانی طور پر موٹاپے کی طرف مائل لوگ **عرق مہزل** کے استعمال سے موٹاپے سے بچ سکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** بالغان: ۳۰ ملی لیٹر (1/4 کپ) سے 60 ملی لیٹر (1/2 کپ) تین مرتبہ روزانہ 8 سال سے 13 سال تک 15 ملی لیٹر (1/8 کپ) سے 30 ملی لیٹر (1/4 کپ) تین مرتبہ روزانہ

**عمومی خوراک:** 20 ملی لیٹر (2 کھانے کے چمچ) رات کو سوتے وقت

# معجون سپاری پاک

سپاری ایک مشہور دوا ہے۔ لاثانی فارما نے جدید تحقیق اور مطالعہ کے بعد معجون سپاری تیار کی ہے جو عورتوں کے مشہور مرض لیکوریا (سیلان الرحم) کی خاص دوا ہے۔اس کے استعمال سے کمر درد بالکل جاتا رہتا ہے۔اس کے علاوہ رحم کے امراض کمزوری، کمر درد اور پنڈلیوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ جریان میں بھی فائدہ مند ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام ایک چمچ کھانے والا ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

# معجون دبید الورد

جگر کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔جگر کے بڑھ جانے اور استسقاء کی تینوں قسموں (طبلی، ذقی، اور ریحی) میں مفید ہے۔جگر کے علاوہ اندرونی ورم، فم معدہ کا ورم اور ورم رحم کے لیے انتہائی فائدہ مند ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام پانچ سے دس گرام عرق مکوہ یا تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

---

# امراض بچگان اور لاثانی کی ادویات

## بچوں کی صحت:

بچے پھول ہیں جس آنگن میں ہوں وہاں بہار ہوتی ہے۔ان کا تروتازہ (تندرست) رہنا خوشی و رعنائی کی علامت ہے بچے کھیلتے کودتے، شرارتیں کرتے اچھے لگتے ہیں یہی ان کی صحت و تندرستی کا اظہار ہے اسی لیے دانا لوگ کہتے ہیں کہ اگر بچے خاموش، ست ہوں یا شرارت نہ کریں تو فکر مند

ہونا چاہیے کہ خدا نخواستہ وہ بیمار تو نہیں بچہ چونکہ پھول کی مانند ہوتا ہے اس لیے موسم خوراک و ماحول کے اثرات کو جلد قبول کر لیتا ہے جس کے نتیجے میں یہ بیمار ہو سکتا ہے۔ اس اہم اور انتہائی ضرورت کے پیش نظر لاثانی فارما کے شعبہ تشخیص و تجویز نے بچوں کے متعلق ضروری ہدایات اور بیماری کی صورت میں علاج کی غرض سے لاثانی ادویات درج کر دی ہیں

## بچوں سے متعلق بنیادی ہدایات:

**1) بچے کو نہلانا:**

اگر موسم سرد ہو تو نیم گرم پانی اور عمدہ صابن سے نہلاتے وقت زیادہ دیر نہ لگائیں۔ بعد میں صاف تولیے سے جسم پونچھ کر موسم کے مطابق کپڑے پہنا دیں۔ گرمیوں میں بچے کو روزانہ دو تین دفعہ تازہ پانی سے نہلایا جا سکتا ہے۔

نومولود بچے کو پیدائش کے تھوڑی دیر بعد پاخانہ ضرور آنا چاہیئے اگر پاخانہ نہ آئے تو کسٹر آئل (روغن ارنڈ) نصف چمچ، عرق گلاب دو چمچ یا لاثانی کی گھٹی ایک چمچ تک استعمال کریں۔

**2) بچے کی غذا:**

بچے کی بہترین غذا ماں کا دودھ ہے پیدائش کے بعد فوراً دودھ کی ضرورت نہیں ہوتی لہذا 5,6 گھنٹے بعد ماں اپنے بچے کو دودھ پلائے۔ ماں کا دودھ بھی قبض کشا ہے

**3) بچے کو دودھ پلانے کا طریقہ**: بچے کو پہلے دن سے ہی وقت پر دودھ دیں تا کہ اس کی غذا کے اوقات مقرر ہو سکیں۔

**4) اہم بات:**

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جیسے ہی بچے نے رونا شروع کیا اسی وقت ماں نے بچے کو دودھ پلانا شروع کر دیا۔ ایسا نہ کرنا چاہیے اس طرح وقت بے وقت دودھ پلانے سے بچے کا نظام ہضم متاثر ہوتا ہے اور بچہ کئی امراض کا شکار ہو سکتا ہے

**5) بچے کا لباس:**

بچے کا لباس ہلکا، سادہ، مسامدار اور ڈھیلا ہونا چاہیے۔ لباس اگر تنگ ہو گا تو اس کی جسمانی نشو و نما متاثر ہو گی۔ لباس موسم کے مطابق سرد یا گرم ہونا چاہیے بچے بڑوں کی نسبت موسمی اثرات جلد قبول کرتے ہیں

**6) پیشاب، پاخانہ:**

اگر بچے کو غذا وقت پر اور باقاعدگی سے دی جائے تو از خود اس کے پاخانے کا وقت مقرر ہو جائے گا بچوں کی صحت کیلئے ضروری ہے کہ ان کو وقت پر غذا دی جائے۔

**7) ورزش:**

بچوں کی اچھی نشو و نما کے لیئے ضروری ہے کہ انہیں ورزش (کھیلنے کودنے) کا موقع دیا جائے اس کے لیئے انہیں مناسب وقت کے لیے بستر پر رہنے دیں تا کہ ہاتھ پاؤں چلاتے رہیں کبھی کبھی معمولی رونے سے بھی بچے کی صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ کیونکہ اس سے اچھی ہوا پھیپھڑوں میں داخل ہوتی ہے اس سے فکر مند نہیں ہونا چاہیئے

**8) بچے کی نیند، آرام:**

ننھے بچے کیلئے نیند بہت ضروری ہوتی ہے۔ ایک دن کا بچہ تقریبا 22,20 گھنٹے سوتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ اس کی نیند کم ہوتی رہتی ہے نیند کے دوران بچہ آرام کرتا ہے بچوں کو آرام اور نیند ان کی نشو و نما میں اضافے کا سبب بنتا ہے

**9) مالش**: سرسوں کے تیل سے ہلکے ہاتھ سے مالش کرنی چاہیے کیونکہ اس سے جسم سڈول اور مضبوط ہوتا ہے

**10) بچے کی چسنی:**

چسنی کی عادت بچوں کی صحت کیلئے اچھی نہیں اکثر مائیں بچے کو رونے پر چسنی دے دیتی ہیں اگر بچہ بے وقت روئے تو اس کو دودھ یا چسنی کی جگہ نیم گرم پانی پلائیں یا غور کریں کہ کہیں بچے کو کوئی مسئلہ تو نہیں۔

**11) دودھ چھوڑنا:**

بچے کی بہترین غذا ماں کا دودھ ہے اس لیے ماں بچے کو دو سال تک دودھ پلائے، اگر کوئی مجبوری (بیماری) نہ ہو تو اس عرصہ سے پہلے دودھ نہ چھڑایا

جائے اکثر مائیں **6** ماہ، ایک سال بعد ہی دودھ چھڑا دیتی ہیں یہ بچے اور ماں دونوں کیلئے ٹھیک نہیں، دودھ پینے کے زمانے میں ہی ٹھوس و جلد ہضم ہونے والی غذائیں اور بکری یا گائے کا دودھ پلانا شروع کر دیں۔

**نوٹ**: بچوں کی صحت کیلئے مندرجہ بالا ہدایات پر پابندی سے عمل کریں اگر بچہ بیمار ہو تو معالج کے پاس لے کر جائیں بچوں کو تیز دوائیں نہ دیں۔

## امراض بچگان:

نزلہ، زکام، بخار، کالی کھانسی، ضیق النفس (دم کشی)، ڈبہ اطفال و بچوں کا نمونیہ، عطاش اطفال (شدید پیاس)، اسہال اطفال (بچوں کے دست)، بچوں کے دانت نکلنا، پیٹ کا درد، خسرہ، میعادی بخار (ٹائیفائیڈ)، سوکھا پن، بچوں کی کمزوری، نشوونما میں کمی، قبض، بھوک کی کمی

## لا ثانی کی ادویات :

اکسیر پیچش سیرپ، بے بی ٹانک، چوعرقہ برائے اطفال، شربت خاکسی، شربت صدر، عرق سویا شیریں، عرق گلاب فیورین، لا ثانی گھٹی، لا ثانی کولک ڈراپس، ویکوبام

## اکسیر پیچش سیرپ (ہر قسم کے پیچش میں موثر)

پیچش کی شکایت نئی ہو یا پرانی لا ثانی اکسیر پیچش لیکوڈ کا استعمال ہر صورت میں مفید ہے۔ مروڑ اور آؤں آنے کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔ چند خوراکوں کے استعمال سے مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال**: ہر چار گھنٹے بعد بچوں کے لئے ایک چمچ چائے والا اور بڑوں کے لئے دو چمچ چائے والے

## بے بی ٹانک

(بچوں کی نشوونما کیلئے خوش ذائقہ شربت)

بچوں کی نشوونما کے لئے خوش ذائقہ شربت ہے۔ جو بچوں کو تندرست، قوی اور سرخ و سفید بناتا ہے۔ بدہضمی، ضعف معدہ، پیچش، اسہال اور دستوں میں مفید ہے۔ سوکھا پن میں اس کو بڑا مفید پایا گیا۔ بچوں کے جسم میں قوت مدافعت بڑھاتا ہے۔ لا ثانی بے بی ٹانک بچوں کی توانائی اور صحت کا ضامن ہے۔

**ترکیب استعمال**: صبح، دوپہر، شام ایک سال تک کے بچوں کیلئے: ایک چمچ چائے والا،

ایک سال سے زائد عمر کے بچوں کیلئے: دو چمچ چائے والا

## چوعرقہ برائے اطفال

بچوں کے لیے عرقیات کا استعمال صدیوں سے جاری ہے اور بچے کی پیدائش کے ساتھ ہی بچوں کی بدہضمی، اسہال، دودھ پھینکنا، پیٹ کا سخت ہونا، گیس، اپھارہ وغیرہ کی شکایات کے لیے بڑی بوڑھیاں چوعرقہ کا استعمال کرواتی چلی آ رہی ہیں۔ لا ثانی کے شعبہ ریسرچ نے اس اہم ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے چوعرقہ اطفال کا ایسا نسخہ ترتیب دیا ہے جو نومولود اور شیر خوار بچوں کے جملہ امراض کے لیے انتہائی مفید ہے اور اس کے استعمال سے کسی بھی قسم کے مابعد اثرات پیدا نہیں ہوتے۔

لا ثانی کا چوعرقہ اطفال پودینہ، سونف، گلاب اور سٹے پر مبنی ہے جو اپنی افادیت کی بناء پر روز بروز مقبول ہو رہا ہے

## شربت خاکسی

☆ بخار کے علاج میں خاص شربت ہے۔ ☆ ہر قسم کے بخار میں نافع ہے۔ ☆ ٹائیفائڈ، موسمی بخار، خسرہ، چھپاکی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال**: **2** بڑے چمچے ایک گلاس پانی میں ملا کر دن میں دو دفعہ یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

# شربت صدر

عرصہ دراز سے شربت صدر امراض سینہ کے لئے بڑی کامیابی سے استعمال ہوتا آ رہا ہے۔لیکن ہمارے ماہرین نے ریسرچ کے بعد جدید دور کے مطابق اس میں مفید اضافے کئے ہیں جس کے نتیجے میں یہ مشہور ومعروف شربت نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کی خراش سانس کی نالی کے ورم اور دمہ کی شکایت میں مفید ہو گیا ہے۔ پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے۔اس کے استعمال سے بلغم آسانی سے خارج ہونے لگتی ہے۔عام کھانسی اور خشک کھانسی میں اس کا استعمال بڑا فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام نیم گرم پانی کے ہمراہ دو چمچ چائے والے استعمال کریں۔

# عرق سویا شیریں

شیر خوار بچے بالکل پھولوں کی مانند ہوتے ہیں۔زمانے کی ذراسی دھوپ چھاؤں انہیں مرجھا دیتی ہے۔لہٰذا انہیں تندرست رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ ان کی ہر چھوٹی سی تکلیف کا بھی جلد از جلد ازالہ کیا جائے تا کہ ان کے قہقہوں سے گھر گونجتا رہے۔
عرق سویا شیریں شیر خوار بچوں کے پیٹ درد، بدہضمی، دست، قے کی شکایت کو رفع کرتا ہے۔غذا کو ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے۔اور صحت کو بحال کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماہ سے ایک سال تک کے بچوں کے لئے صبح، دوپہر، شام ایک چمچ چائے والا
ایک سال سے زائد عمر کے بچوں کے لئے صبح، دوپہر، شام دو چمچ چائے والے

# عرق گلاب

گلاب اپنی دل کش خوشبو اور من پسند رنگوں اور اپنی طبی افادیت کی بناء پر ہر خاص و عام میں انتہائی مقبول ہے۔

لاثانی عرق گلاب، گلاب کے پھولوں سے جدید ٹیکنالوجی کے حامل پلانٹ پر کشید کیا جاتا ہے۔اور جلد کی حفاظت کے لیے حفظ ما تقدم کے طور پر اس کا استعمال انتہائی مفید ہے۔حُسن وخوبصورتی میں اضافہ اور جلد کی چمک کے لیے خواتین بڑے بھروسے کے ساتھ عرق گلاب کا استعمال کرتی ہیں۔اس کے علاوہ آنکھوں کے امراض، آشوب چشم، آنکھوں کی سرخی، آنکھوں کا دکھنا اور پانی بہنے کے لیے مفید ہے اس کے علاوہ قبض دور کرتا ہے۔اختلاج، گھبراہٹ اور بے چینی کو دور کرتا ہے۔مقوی معدہ ہے ہر قسم کی خرابی اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔پیاس بجھاتا ہے اور نومولود بچوں کے پیٹ صاف کرنے کے لیے بھی اس کا استعمال انتہائی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سال کے بچوں کیلئے: ایک چمچ چائے والا صبح وشام
بڑے بچوں کیلئے: دو چمچ چائے والے صبح وشام
بڑوں کیلئے: دو چمچ کھانے والے صبح، دوپہر، شام

آنکھ دُکھنے کی صورت میں عرق گلاب کے چند قطرے دن میں تین مرتبہ آنکھوں میں ڈالیں۔

# فیورین

ملیریا اور موسمی بخاروں کے لئے مفید و مؤثر سیرپ فیورین ایسے مفید و مؤثر اجزاء سے تیار کیا گیا ہے جو ملیریا اور دوسرے موسمی بخاروں مثلاً سردی، گرمی، نزلہ اور زکام کے بخار میں مؤثر ہے۔اس کے استعمال سے جسم سے زہریلے مادے مؤثر طور پر خارج ہو جاتے ہیں۔

فیورین بخار کے بنیادی اسباب کو رفع کرتی ہے۔معدہ اور جگر کی اصلاح کر کے نظام ہضم کو درست کرتی ہے۔ بخار کے بعد ہونے والی بے چینی اور کمزوری کو بھی دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال :** صبح،دوپہر،شام بچوں کیلئے ایک چمچ چائے والا

صبح،دوپہر،شام بڑوں کیلئے دو چمچ چائے والے

# لاثانی گھٹی

آنتوں کی صفائی،اپھارااور پیٹ درد میں گھٹی نومولود بچوں کی مشہور دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** نومولود کیلئے آدھا چمچہ چائے والا صبح،دوپہر،شام ۶ ماہ سے زائد عمر کے بچوں کیلئے ایک چمچ چائے والا پلائیں

# لاثانی کولک ڈراپس

نومولود بچوں کے مسائل مثلاً گیس،اپھارہ،بدہضمی،پیٹ درد،متلی،بھوک کی کمی اور نظام ہضم کی خرابی میں انتہائی موثر اور فوری اثر دوا ہے۔ یہ مابعد اثرات سے پاک ہے اور 100 فی صد قدرتی اجزاء سے تیار کی جاتی ہے۔اور اس کے استعمال کے تھوڑی ہی دیر میں درد سے نجات مل جاتی ہے اور بچہ پرسکون نیند سو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** دن میں چار مرتبہ 6 ماہ سے کم عمر کے بچوں کیلئے: 3 سے 6 قطرے

دن میں چار مرتبہ 6 ماہ سے ایک سال کے بچوں کیلئے: 8 سے 10 قطرے دن میں چار مرتبہ 1 سال سے 2 سال کے بچوں کیلئے: 10 سے 5 قطرے

# ویکو بام

ویکو بام گوناگوں فوائد کا حامل ہے۔نزلہ،زکام،سینے کی جکڑن،گلے کی خرابی،کھانسی،سردرد اور دردوں وغیرہ کی تکالیف کو رفع کرنے والی ملکی جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے جو کہ دو طرفہ عمل کرتا ہے۔

جلد میں جذب ہو کر مرض کے مقام پر پہنچ کر آرام پہنچاتا ہے۔جو نہ صرف ناک اور دماغ کو کھولتا ہے بلکہ سانس کی نالیوں میں پہنچ کر بلغم کو پتلا کر کے خارج کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال :** متاثرہ جگہ پر آہستہ آہستہ مالش کریں۔


عمدہ عرقیات سے تیار کردہ



شوگر فری بھی دستیاب ہے

سیرپ اور ٹیبلٹ

بدہضمی،گیس اور نظام ہضم کی اصلاح کیلئے

لطیف خوش ذائقہ سیرپ

اورنج ٹیسٹ کے ساتھ

ڈائجی میکسو ®

# صحت اور لاثانی کی ادویات

لاثانی فارما انسانی صحت کے مسائل کو حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ ذیل میں عوام الناس کی ضرورت اور افادہ عام کو مد نظر رکھتے ہوئے لاثانی فہرست ادویات میں ایسے صفحات کا اضافہ کیا گیا ہے۔ جن میں سہولت کے پیش نظر ادویات کی گروپ بندی امراض کے مطابق کی گئی ہے۔ تاکہ آپ کو اپنے مرض کی دوا کا انتخاب کرنے میں آسانی رہے۔ نیز معالجین کو بھی ادویات اس کی اس گروپ بندی سے مناسب رہنمائی مل سکے گی۔ **نوٹ:** بعض دوائیں ایک سے زائد امراض میں استعمال ہوتی ہیں۔ لہذا ایسی دواؤں کو ہر متعلقہ مرض کے ساتھ جُدا جُدا تحریر کیا گیا ہے۔ یعنی ایک دوا کا ذکر ایک سے زائد بار بھی ہوسکتا ہے۔

طبِ یونانی میں معالجات کی بنیاد مزاج اور اخلاط اربعہ پر ہے۔ اس طریقہ علاج میں مرض کی کیفیت اور مریض کے مزاج کے اعتبار سے علاج اور تدابیر و ہدایات دی جاتی ہیں۔ اسباب وعِلل کے پیش نظر نسخہ میں مناسب ترمیم کی جاسکتی ہے۔

## دماغی امراض

**(دماغی کمزوری۔ نسیان۔ سر کا بھاری پن۔ سر درد۔ چکروں کی شکایات)**

**ادویات:** اطریفل اسطوخودوس، خمیرہ گاؤزبان سادہ، خمیر گاؤزبان عنبری، خمیر گاؤزبان عنبری جواہردار، مقوی دماغ، اکسیر دماغ زعفرانی، وینورہ سیرپ، اطریفل کشنیز، جواہرمہرہ، روغن بادام، روغن بیضہ مرغ، روغن کدو، کشتہ بیخ مرجان، معجون فلاسفہ، لاثانی سپرفورٹ

## بے خوابی

**ادویات:** اطریفل کشنیز، روغن کدو، روغن بادام

## بالوں کیلئے

**ادویات:** روغن بیضہ مرغ، روغن بادام، روغن زیتون،، معجون مقوی دماغ، جوارش جالینوس، شربت فولاد پلس

## لقوہ، فالج، رعشہ، تشنج، ضعف اعصاب اور اعصابی دردوں کیلئے

**ادویات:** حب اذراقی، معجون اذراقی، معجون فلاسفہ، معجون مقوی دماغ، کشتہ گودنتی، حب مقوی اعصاب، روغن شفاء، روغن لونگ

## آنکھوں کی بیماریاں

**ادویات:** چشمینہ ڈراپس، عرق گلاب، عرق منڈی، عرق شاہترہ، اطریفل کشنیز، حب مصفی، مصفی لیکوڈ

## کان کی بیماریاں

**ادویات:** گشینہ ڈراپس، اطریفل اسطوخودوس، عرق شاہترہ، عرق عُشبہ

## منہ میں دانے، چھالے

**ادویات:** جوارش آملہ، جوارش انارین،، مصفی لیکوڈ، حب مصفی، شربت عناب، عرق عُشبہ، عرق شاہترہ

## لکنت کیلئے

**ادویات:** کشتہ گودنتی، حب اذراقی، معجون اذراقی، معجون مقوی دماغ، اکسیر دماغ زعفرانی

## گلے کی بیماریاں

**(ورم، درد، سوجن، اور آواز کا بیٹھ جانا)**

**ادویات:** شربت توت سیاہ+ ملٹھی، جوشاندہ پلس، لعوق سپستان، کفڈل سیرپ، کفڈل گولیاں، شربت بنفشہ، تریاق نزلہ، خمیرہ گاؤزبان سادہ

# نزلہ، زکام ،امراض سینہ

## (کھانسی ،دمہ ، تنگی تنفس اور پھیپھڑوں کے امراض)

**ادویات**: کفڈل سیرپ، کفڈل گولیاں، اکسیر دمہ، شربت صدر، شربت بنفشہ، جوشاندہ پلس ،شربت ابریشم، شربت اعجاز، خمیرہ ابریشم سادہ، خمیرہ ابریشم حکیم (ارشدوالا)، تریاق نزلہ، خمیرہ گاؤزبان، سی کف سیرپ، سفوف الرجی، برشعشا، لعوق سپستان، کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ ابرک سفید

## دل کی طاقت اور بیماریوں کیلئے

**ادویات**: کارڈی۔سی سیرپ، عرق الائچی، کشتہ مروارید، خمیرہ مروارید، جواہرمہرہ، دوالمسک معتدل، دوالمسک معتدل جواہردار، جوارش شاہی، خمیرہ ابریشم (حکیم ارشد والا)، شربت صندل، وینورہ سیرپ، عرق گاؤزبان، عرق گلاب، شربت انار، شربت نیلوفر، کشتہ عقیق، سُپر فورٹ سیرپ

## جگر کے امراض

**ادویات**: لیورلکس سیرپ، اکسیر جگر سیرپ، معجون دبیدالورد، دوالمسک معتدل، دوالمسک معتدل جواہردار، جوارش انارین، حب کبد نوشادری، حب جگر، عرق کاسنی، عرق مکوہ، عرق برنجاسف، شربت بزوری، شربت انار، شربت دینار، کشتہ فولاد سپیشل جامن والا، کارمینو گولیاں، شربت فولاد، شربت فولاد پلس ،دوالمسک معتدل، دوالمسک معتدل جواہردار، کشتہ مرگانگ، عرق نیلوفر

## غیر ھضم شدہ اجزاء کا پیشاب کے ذریعے خارج ھو جانا

**ادویات**: حبّ گردہ، کشتہ زمرد، کشتہ عقیق، کشتہ مرگانگ، جوارش زرعونی

## معدے کی بیماریاں

**ادویات**: ڈائی میکسو سیرپ، گیسٹو وینا سیرپ، جوارش کمونی، جوارش انارین، جوارش آملہ، معجون دبیدالورد، کارمینو گولیاں، حبّ کبد نوشادری، دوالمسک معتدل جواہردار، عرق الائچی، عرق پودینہ، شربت انار، لاثانی چوعرقہ، عرق سونف، عرق مکوہ، عرق گلاب، کشتہ فولاد سپیشل، سفوف تنجیری، کشتہ مرگانگ، عرق اجوائن، عرق برنجاسف، جوارش جالینوس، ہاضمی چورن، جوارش شاہی، پیپرمنٹ سیرپ

## معدے اور آنتوں کے زخم(السر کیلئے)

**ادویات**: السووینا سیرپ، سفوف السر، عرق مکوہ، عرق سونف، عرق برنجاسف، معجون دبیدالورد

## مثانے اور گردوں کی بیماریاں

**ادویات**: حبّ گردہ، جوارش زرعونی سادہ، جوارش زرعونی عنبری، شربت بزوری، معجون فلاسفہ، کشتہ بیضہ مرغ، عرق اجوائن، یوروسٹون، جوارش جالینوس

## مقعد اور آنتوں کی بیماریاں

**ادویات** : گیسٹو وینا سیرپ، حب تنکار، حب مقل، اطریفل زمانی، اطریفل مقل ،اطریفل ملین، جوارش انارین، جوارش آملہ، اکسیر پیچش سیرپ، حب پیچش، ڈائی میکسو سیرپ، ریلیکس گولیاں، روغن بادام، روغن زیتون، سفوف تنجیری، شربت انار، شربت انجبار

## بواسیر کے لیے

حب مقل، اطریفل مقل، سفوف حابس، شربت انجبار

## جوڑوں کی بیماریاں (درد ، ورم ،کھچاؤ کیلئے )

**ادویات**: کلپین کریم، حب اذراقی، حب سورنجاں، حب عنبر مومیائی، حب مقوی اعصاب، روغن زیتون، روغن شفاء، روغن لونگ، لاثانی سپر فورٹ سیرپ، معجون سورنجاں، معجون فلاسفہ، کشتہ گاؤدنتی، عرق چوب چینی، عرق منڈی، حب مقل

# فساد خون اور امراض جلد

**ادویات:** حب مصفی، مصفی لیکوڈ، ڈونل کریم، شربت عناب، عرق منڈی، عرق عشبہ، عرق چوب چینی، لاثانی مرہم، سفوف الرجی، شربت نیلوفر، ڈومیکس کریم

# ھائی بلڈپریشر کے لیے

**ادویات** : اطریفل کشنیز، کارڈی۔سی سیرپ، خمیرہ مروارید، خمیرہ ابریشم (حکیم ارشدوالا)

# لو بلڈ پریشر کے لیے

**ادویات:** حب اذراقی، معجون اذراقی، حب مقوی اعصاب، دواالمسک معتدل جواہر دار، معجون فلاسفہ، لاثانی سپرفورٹ سیرپ، وینورہ سیرپ، فولادپلس شربت

# کیلشیم کی کمی کے لیے

**ادویات:** خمیرہ مروارید، کشتہ مروارید، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ بیخ مرجان، کشتہ صدف سُچہ

# موٹاپا دور کرنے کے لیے

**ادویات:** مشہور زمانہ لاثانی کا عرق مہزل، جوارش کمونی، حب کبدنوشادری

# الرجی کے لیے

**ادویات:** سفوف الرجی، عرق منڈی، حب مصفی، شربت عناب، شربت نیلوفر

# خون روکنے کے لیے

**ادویات** : سفوف حابس، شربت انجبار

# جنرل ٹانک

**ادویات:** جواہرمہرہ اعلیٰ قسم، لاثانی سپرفورٹ سیرپ، وینورہ سیرپ، شربت فولادپلس، خمیرہ ابریشم (حکیم ارشدوالا)، لبوب کبیر، حیاتین ٹانک، کشتہ بیخ مرجان، الماس شاہی

# مردوں کے امراض خاص

**ادویات:** لبوب کبیر، اسفاٹم، حبّ راحت، جوہر امساک کیپسول، حبّ جریان، حبّ عنبر مومیائی، سفوف جریان، سفوف مغلظ، سفوف راحت، لبوب بادر جواہردار، لبوب شاہی جواہردار، معجون آردخرما، معجون فلاسفہ، معجون مغلظ جواہردار، جریانی کیپسول، طلاء خاص، طلاء شاہی، طلاء مسکن، حبّ اذراقی، ممسک شاہی، ممسک 90، وینورہ سیرپ، کشتہ ابرک سفیدوسیاہ، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ جست، کشتہ سہ دھاتہ، کشتہ صدف سچہ، کشتہ قلعی

# برائے بخار ھر قسم

**ادویات:** ٹائیفائیڈ۔ایس سیرپ، حبّ بخار، حبّ ملیریا، بخارین سیرپ، فیورین سیرپ، شربت خاکسی، خمیرہ گاؤزبان سادہ، خمیرہ مروارید، شربت صندل

**ہیڈ آفس، فیکٹری**

## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

مناواں باٹا پور لاہور، پاکستان

فون: 042-36581200-36581300-37024649

فیکس: 042-36583200 موبائل: 0300,0321-8448699

For further information & details www.lasanipharma.com

**لاہور سیلز آفس**

## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

سیکنڈ فلور شبنم سنٹر شالیمار لنک روڈ لاہور

فون: 042-37024649 موبائل: 0300,0321-8448699

**ملتان آفس**

## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

معین پلازہ میڈیسن مارکیٹ چوک گھنٹہ گھر ملتان

فون: 061- 4574413 موبائل: 0300,0313-6373271

**کوئٹہ آفس**

## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

دلاور میڈیسن مارکیٹ جبار پلازہ بیٹ روڈ، کوئٹہ

فون: 081-2826614

موبائل: 0300-8811445, 0300-3816863

**راولپنڈی آفس**

## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

الرحمٰن میڈیسن مارکیٹ، کالج روڈ راولپنڈی

فون: 051-5533530 موبائل: 0300-5198909

**فیصل آباد آفس**

## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

چوہدری ٹاورنزد سنہری بنک چنیوٹ بازار

موبائل: 0323-6446446

**کراچی آفس**

## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

R/191 بلاک نمبر 16 فیڈرل بی ایریا۔ کراچی

فون: 021-35468178 موبائل: 0300-2209310